وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (المومن: ٦٠)

(اور تمہارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا)

# خزینۃ الخیرات

امام اہلسنت، شیخ الاسلام حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ
رحمۃ اللہ علیہ، شاہی امام مسجد جامع فتحپوری، دہلی

مرتبہ

ابوالسرور محمد مسرور احمد

ادارہ مسعودیہ، ۲/۶، ۵۔ای، ناظم آباد، کراچی، سندھ

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۰ء

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (المومن: ٦٠)
(اور تمہارے رب نے فرمایا مجھ سے دُعا کرو میں قبول کروں گا)

# خزینۃ الخیرات

امام اہلسنت، شیخ الاسلام حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ
رحمۃ اللہ علیہ، شاہی امام مسجد جامع فتحپوری، دہلی

مرتبہ

ابو السرور محمد مسرور احمد

ادارہ مسعودیہ، ۶/۲، ۵۔ای، ناظم آباد، کراچی، سندھ
اسلامی جمہوریہ پاکستان
۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۰ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

# آئینۂ خزینہ


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | حرف آغاز | ابوالسرور محمد مسرور احمد | 6 |
| 2 | آداب دعا | مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ | 13 |


# خزینۃ الخیرات

## (حصہ اول)


| | | |
|---|---|---|
| 1 | خطبۂ خزینہ | 24 |
| 2 | حمد وثنا | 27 |
| 3 | صلوات وسلام | 28 |
| 4 | سید الاستغفار | 29 |
| 5 | دعامتضمن باسم اعظم | 30 |
| 7 | آیۂ کریمہ | 32 |
| 8 | دعوات ماثورہ | 32 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 9 | دعا برائے نماز قضائے حاجات | 35 |
| 10 | دعا برائے آزادی فکر و غم | 36 |
| 11 | دوسرے شہر میں داخل ہونے سے پہلے کی دعا | 37 |
| 12 | دوسرے شہر میں داخل ہونے کے بعد کی دعا | 37 |
| 13 | آفت سے نجات پانے کی دعا | 38 |
| 14 | تکلیف کے اندیشے سے نجات پانے کی دعا | 38 |
| 15 | دشواری سے خلاصی کی دعا | 39 |
| 16 | مقصد پورا کرنے کے لئے نفیس عمل | 39 |


# خزینۃ الخیرات

## (حصہ دوم)


| | | |
|---|---|---|
| 1 | پیش لفظ | 45 |


## دعائیں


| | | |
|---|---|---|
| 2 | برائے کشادگی معیشت | 46 |
| 3 | برائے کامیابی مقدمہ | 46.50 |
| 4 | برائے مالی پریشانیوں سے نجات | 46.50 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 5 | برائے کامیابی امتحان | 47-59 |
| 6 | برائے حفاظت از جادو وغیرہ | 47 |
| 7 | برائے فرماں برداری فرزندان | 48 |
| 8 | برائے دفع وبا | 48 |
| 9 | برائے دفع پریشانی | 48 |
| 10 | برائے بصارت وبینائی | 49 |
| 11 | برائے حفاظت از دشمناں | 49 |
| 12 | برائے دفع اثرات مکان | 50 |
| 13 | برائے مغفرت وبخشش | 51 |
| 14 | برائے دفع ازدواجی رنجش | 51 |
| 15 | برائے شفاء از بیماری مسان | 51 |
| 16 | برائے شفاء بیماری وعلالت | 52 |
| 17 | برائے ترقی روحانی | 52 |
| 18 | برائے شفا از درد شکم | 52 |
| 19 | برائے حل مشکلات | 53 |
| 20 | برائے طریقہ ختم خواجگاں | 53 |
| 21 | برائے نیند | 54 |
| 22 | برائے طریقہ بسم اللہ | 55 |
| 23 | برائے ادائیگی قرض | 55-58-59 |
| 24 | برائے اختلاج قلب | 56 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 25 | برائے شفاء از دورۂ مرگی | 56 |
| 26 | برائے شفاء از درد | 57 |
| 27 | برائے طریقۂ استخارہ | 57-61 |
| 28 | برائے دفع اثرات بد | 58 |
| 29 | برائے خاتمہ کند ذہنی | 59 |
| 30 | برائے شفاء از درد سر | 59 |
| 31 | برائے خوشنودی زوجہ | 60 |
| 32 | برائے دفع مصائب | 60 |
| 33 | برائے توجہ الی اللہ | 60 |
| 34 | برائے کامیابی | 61 |
| 35 | برائے شفاء از بواسیر | 61 |
| 36 | نکاح زوجہ ثانی (بعد از مرگ زوجہ اول) | 62 |





Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

# حرف آغاز

## ابوالسرور محمد مسرور احمد

جد امجد (۱) حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ (۱۳۷۶ھ / ۱۹۶۶ء) نے رسالہ "خزینۃ الخیرات" بے چین اور مضطرب مسلمانوں کے لئے ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۷ء میں شائع کیا تھا پھر ۱۹۷۱ء میں کراچی سے بھی شائع ہوا---آج کل عالم اسلام میں پریشانیاں ہی پریشانیاں ہیں اس لئے حضرت والد ماجد پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ العالی نے فرمایا کہ اس رسالہ کو شائع کرادیا جائے---اس رسالے میں بہت ہی مفید اور مختصر اعمال ہیں۔ اس رسالے کو ہم نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے، پہلے حصے میں وہی اعمال ہیں جو رسالہ "خزینۃ الخیرات" میں شائع ہو چکے ہیں۔ اس کے آخر میں مقصد بر آری کے لئے جو عمل لکھا گیا تھا اس میں ۱۴ آیات سجدہ کے صرف حوالہ دیئے گئے تھے اب اس حصے میں تمام آیات کو درج کر دیا گیا ہے تاکہ پڑھنے والے کو سہولت رہے، یہ کام حضرت علامہ قاری محمد ظفر احمد صاحب زید لطفہ، نے انجام دیا، جو حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کے پوتے اور حضرت علامہ مفتی محمد مظفر احمد صاحب کے بڑے صاحبزادے ہیں---"خزینۃ الخیرات" کے دوسرے حصے کا اضافہ کیا گیا

Marfat.com

ہے اس میں وہ اوراد واعمال ہیں جو مکاتیب مظہریہ جلد اول ودوم (مطبوعہ کراچی ۱۹۹۹ء) میں حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ نے مختلف حضرات کو بتائے ہیں --- دونوں حصوں کی ابتداء میں حضرت مفتی اعظم کے رسالے ''درود و دعا'' (مطبوعہ لاہور ۱۹۹۹ء) سے آداب دعا لے کر شامل کئے گئے ہیں۔ اس طرح یہ ایک مفید مجموعہ تیار ہو گیا ہے۔ ان شاء اللہ پریشان اور ضرورت مند حضرات، حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کے بتائے ہوئے اعمال واوراد پر عمل کریں گے تو ضرور فائدہ ہوگا۔ (۲)

حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ جو اپنے وقت کے جلیل القدر عالم اور ولی کامل تھے۔ جب کوئی صاحب طریقت متبع سنت ولی کامل ہدایت و نصیحت کرتا ہے تو اس کی بات تاثیر سے خالی نہیں ہوتی، وہ ہمیشہ متوجہ الی اللہ رہتے تھے ان کی زبان سے کبھی غیر اللہ کی پکار نہیں سنی گئی، وہ عاشق رسول موحد کامل تھے۔ بیشک دعا کی جان توجہ الی اللہ ہے، ربّ کو پکاریں، اسی سے مانگیں اللہ خود فرماتا ہے :-

اِذَا سَألَکَ عِبَادِیْ عَنِّی فَاِنِّی قَرِیْبٌ ط

اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ (بقرہ:۱۸۶)

(ترجمہ) اے محبوب! جب تم سے میرے بندے مجھے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں، دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے۔

حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :-

تَضَرَّعُوْا اِلَیْہِ وَاسْألُوْہُ حَوَائِجَکُمْ

Marfat.com

(جلاء الخواطر ۵۴۶ھ، لاہور ص ۲۹۴)

ترجمہ: اس کے آگے گر گڑ گڑاؤ اور اسی سے اپنی حاجتیں مانگو۔

پھر کس درد و سوز سے فرماتے ہیں :-

اِفتَحْ عَيْنَ نَفسِكَ وَقُلْ لَهَا اُنظُرِیْ اِلٰی رَبِّكِ عَزَّوَجَلَّ كَيْفَ يَنظُرُ اِلَيْكِ۔ (جلاء الخواطر ص ۷۴)

ترجمہ: اپنی نفس کی آنکھ کھول اور اس سے کہہ ذرا دیکھ تو سہی عزت و بزرگی والا پروردگار تجھ کو کیسے دیکھ رہا ہے!

جو لوگ مصیبت والم میں بھی اللہ کی طرف متوجہ نہیں ہوتے ان پر افسوس کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

وَيلَكُمْ تَدَّعُونَ مَحَبَّةَ اللّٰهِ وَتَقبَلُونَ بِقُلُوبِكُمْ عَلٰی غَيْرِهٖ۔ (جلاء الخواطر، ص ۸)

ترجمہ: تم پر افسوس! اللہ کی محبت کا تو دعویٰ کرتے ہو اور اپنے دلوں کو دوسروں کی طرف پھیرتے ہو۔

اللہ سے مانگنا حضور انور ﷺ کی سنت ہے، انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے، اور اللہ کے تمام محبوبوں کی سنت ہے۔ جس در سے بھی ملتا ہے حقیقت میں اسی در سے ملتا ہے۔ مگر جائز چیزوں میں ہمارے اکثر نیک اعمال مباح ہیں یا مستحب، ہم سنت سے دور جا رہے ہیں سنت کے قریب ہونگے تو اللہ کے قریب ہونگے وہ خود فرما رہا ہے :-

Marfat.com

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (آل عمران ۳۱)

ترجمہ: اے محبوب! تم فرمادو کہ لوگو! اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ اللہ تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سچ فرمایا:-

كُلُوْامِنْ طَعَامِ حُبِّهٖ، وَاشْرَبُوْامِنْ شَرَابِ اُنْسِهٖ، وَاسْتَعِيْنُوْ بِقُرْبِهٖ۔ (جلاء الخواطر، ص ۱۳۲)

ترجمہ: اس کی محبت کے کھانے سے کھاؤ، اس کی الفت کے پانی سے پیو، اس کے قرب سے مدد چاہو۔

یہ سب کچھ ہے مگر اس کے محبوب کریم ﷺ سے پیٹھ نہ پھیریں، ابلیس کا انجام ہمارے سامنے ہیں---کسی لمحہ تاجدار دو عالم ﷺ کو فراموش نہ کریں---جو دعا کریں اول آخر درود شریف ضرور پڑھیں درود شریف اس کے دربار میں قبول ہوتا ہے تو بیچ والی دعا کیوں نہ قبول ہو گی؟---وہ اللہ کے محبوب ہیں ان کا نام کلمہ طیبہ میں ساتھ ہے، قرآن کریم میں ساتھ ہے، اذان میں ساتھ ہے، نماز میں ساتھ ہے---وہ جہاں ہے (جل جلالہ) ان کا ذکر وہاں ہے (ﷺ) کوئی جگہ نہیں جہاں وہ نہیں تو کوئی جگہ نہیں جہاں ان کا ذکر نہیں، وہ لامکاں میں ہے، تو لامکاں بھی ان کے ذکر سے خالی نہیں---ہاں ان کے قرب میں اللہ کا

Marfat.com

قریب ہے --- گناہ گاروں سیاہ کاروں کا ان کے حضور حاضر ہونا بھی ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے حکم دیا ہے :-

ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاؤک
فاستغفروا اللّٰہ واستغفر لہم الرسول
لوجدوا اللّٰہ توابا رحیما (نساء: ۶۴)

ترجمہ : اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

یہ بھی محبت کا ایک انداز ہے کہ اللہ کا محبوب، اللہ کے حضور اللہ کے بندوں کی سفارش فرمائے اور ان کے لئے دعا فرمائے --- اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کی دعا کرنا بھی اچھا لگتا ہے، اسی لئے فرمایا :-

وصل علیہم ان صلوتک سکن لہم (توبہ: ۱۰۳)

ترجمہ : اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو بیشک تمہاری دعا ان کے دلوں کا چین ہے۔ (۴)

دعا کی فضیلت کے بارے میں چند احادیث شریفہ پیش کر دی جائیں تو مناسب ہوگا۔

۱ اللہ کے نزدیک دعا سے بڑھ کر بندہ کا کوئی عمل نہیں۔

Marfat.com

۲...... دعا عبادت کا مغز ہے یعنی جان ہے۔

۳...... جو شخص اللہ سے نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے۔

۴...... دعا ہی عبادت ہے۔

۵...... دنیا اور آخرت کی دعا افضل ہے

۶...... تقدیر کو دعا کے علاوہ کوئی چیز نہیں بدل سکتی اور نیکی کے علاوہ کوئی شے عمر کو نہیں بڑھا سکتی۔

۷...... دعا مومن کا ہتھیار، دین کا ستون اور آسمان و زمین کا نور ہے۔

بیشک اللہ تعالیٰ بندوں کی دعائیں اپنی رحمت سے قبول فرماتا ہے لیکن اس کے لئے ضروری ہے اخلاص ہو، حضوری قلب ہو، اللہ کی رحمت کا کامل یقین ہو، دعا اور آرزو خلاف شرع نہ ہو، حدیث شریف کے مطابق دعا کی قبولیت کی مختلف صورتیں ہیں۔ اس لیے اگر دعا قبول نہ ہو تو حرف شکایت نہ کرنی چاہیے ---کبھی مراد دنیا ہی میں مل جاتی ہے، کبھی دنیا میں نہیں ملی آخرت میں ذخیرہ کردی جاتی ہے، کبھی دعا ہمارے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے---اللہ تعالیٰ ہم سب کو خلوص دل سے دعا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس مقام رضا پر پہنچائے جہاں زبان کھلتی ہی نہیں---آمین۔

حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ کی تالیف لطیف "خزینۃ الخیرات" آپ کے سامنے ہے اس کو دل کی آنکھوں سے پڑھئے۔ اللہ تعالیٰ ہماری آپ کی اور سب کی پریشانیاں دور فرمائے-آمین! رسالے کے موجودہ ایڈیشن

Marfat.com

جناب وسیم احمد مسعودی چھپوا رہے ہیں مولائے کریم ان کو اجر عظیم عطا فرمائے
اور اپنے کرم خاص سے ان کی پریشانیوں کو دور فرمائے - آمین - ثم آمین

احقر العباد

ابو السرور محمد مسرور احمد

(۶/رجب المرجب ۱۴۲۱ھ / ۵/اکتوبر ۲۰۰۰ء)

ماشاء اللہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# آداب دعا

***

(۱)

دعا کے آداب میں ایک ادب یہ ہے کہ حرام روزی سے بچا جائے یہ زہر ہلاہل ہے جو کسی وقت دعا یا عبادت کو قبول ہونے نہیں دیتی۔ چنانچہ

قال وھب بن منبه بلغنی ان موسی علیه السلام مربر جل قائم یدعو ویتضرع طویلا وھو ینظر الیه قال موسی یارب اماتستجیب لعبدك فاوحی الله تعالی علیه یاموسی لوانه بکی حتی تلفت نفسه ورفع یده حتی تبلغ عنان السماء ماستجبت له فقال یارب لم ذالک قال لان فی بطنه الحرام وعلی جسده الحرام وفی بیته الحرام۔

حضرت وہب بن منبہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰ (علیہ السلام)

Marfat.com

ایک جگہ سے گزرے، دیکھا کہ ایک شخص کھڑا ہوا دعا مانگتا ہے اور نہایت گریہ وزاری اور انکساری و عاجزی کرتا ہے مگر کسی طرح اس کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کو ترس آیا آپ نے جناب باری میں عرض کیا کہ "یا الٰہی تو اس کی دعا کیوں قبول نہیں فرماتا"؟ ارشاد ہوا "موسیٰ اگر یہ روتے روتے مر بھی جائے اور اپنے ہاتھ آسمان تک بھی کرلے تو بھی اس کی دعا قبول نہیں ہوگی" عرض کیا۔ "یا اللہ کیا قصور ہے؟" ارشاد ہوا کہ حرام کا لقمہ اس کے پیٹ میں ہے، حرام کا لباس اس کے بدن پر ہے اور حرام اس کے گھر میں موجود ہے"۔ (پس جب تک یہ بندہ ان محرمات سے پرہیز نہ کرے گا کبھی اس کی دعا قبول نہ ہوگی)

اس طرح نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جب حاجی ناجائز مال لے کر حج کو چلتا ہے اور لبیک پکارتا ہے تو ایک ندا آسمان سے آتی ہے کہ تیری لبیک مقبول نہیں ہے نہ تجھے کچھ اجر ملے گا کیونکہ سفر خرچ تیرا حرام کا ہے، کھانا تیرا حرام کا ہے۔ (تیرا حج تو عبادت میں داخل نہیں ہے بلکہ گناہ میں شامل ہے)

(۲)

دعا کا دوسرا ادب یہ ہے کہ دعا کرنے والا حضوری قلب کے ساتھ دعا کرے غافل دل سے دعا کرنا بیکار محض اور رائیگاں ہے۔ چنانچہ نزہۃ المجالس میں ہے:

رای موسی رجلاً یدعوا ویتضرع فقال یا رب

Marfat.com

لو كانت حاجته بيده لقضيتها فاوحى الله له يا موسى انا ارحم به منك ولكنه يدعوني و قلبه عند غنمه وانا لا استجيب لمن يدعوني و قلبه عند غيري۔

حضرت موسیٰ نے ایک دفعہ ایک شخص کو بہت روتے دعا کرتے دیکھی تو جناب الٰہی میں عرض کیا۔ "الٰہی اگر اس کی حاجت میرے قبضے میں ہوتی تو میں اس کو پوری کر دیتا" ارشاد باری ہوا کہ "موسیٰ ہم تم سے زیادہ رحم والے ہیں لیکن تمہیں خبر نہیں کہ یہ شخص دعا کے ہاتھ تو ہمارے سامنے پھیلائے ہوئے مانگ رہا ہے مگر اس کا دل ہماری جناب سے غافل ہے۔ بکریوں کے ریوڑ میں پڑا ہوا ہے اور ہم ایسے شخص کی دعا نہیں قبول کرتے جو دعا تو ہم سے کرے اور دل دوسرے کے پاس رکھے۔ (جب یہ دل حاضر کر کے دعا کرے گا اسی وقت ہم اس کی دعا قبول کریں گے)

بہر حال اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ دعا کے لئے حضوری قلب نہایت ضروری ہے، ورنہ وہی حال ہو گا جو بنی اسرائیل کا ہوا تھا۔ اس کا واقعہ یہ ہے کہ ایک دفعہ بنی اسرائیل نے بغیر حضوری قلب غافل دل سے بارش کے لئے دعا کی بارش ہو گئی، کھیت اور باغات سرسبز و شاداب ہو گئے مگر جب غلہ کاٹنے کا وقت آیا تو سوائے بھس کے کچھ بھی برآمد نہ ہوا اس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جناب باری میں عرض کیا کہ "الٰہی یہ کیا ہوا؟" ارشاد ہوا کہ بنی اسرائیل سے کہہ دو کہ جیسی تمہاری دعا تھی ویسی ہی اس کی قبولیت ہوئی، دعا زبانی تھی، دل سے نہ تھی،

Marfat.com

اسی طرح اس کا اثر ظاہر میں تو ہوا مگر باطن میں نہ ہوا، باطن دعا کا بھی خالی تھا، باطن کھیتوں کا بھی خالی رہا"۔ ہمیشہ تہہ دل سے دعا کرو، ظاہر و باطن سے جناب باری کی طرف متوجہ ہو کر مانگو پھر دیکھو کس طرح دعا قبول نہیں ہوتی؟

(۳)

آداب دعا میں تیسرا ادب یہ ہے کہ ناجائز امور اور محرمات کی طلب نہ کرے، چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:-

ہمیشہ بندے کی دعا قبول ہو جاتی ہے مگر جب بندہ حرام چیز طلب کرتا ہے یا قطع رحمی کی دعا مانگتا ہے تو (اس وقت اس کی دعا قبول نہیں ہوتی)

جیسے اکثر لوگ حرام شئے یا حرام مال خدا سے طلب کرتے ہیں یا حرام پیشہ کرتے ہیں اور پھر اپنے پیشے یا کاروبار کی ترقی کی خدا سے دعا مانگتے ہیں، ایسے لوگوں کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ اگر ہوتی بھی ہے تو ایسی جیسے کفار کی قبول ہوتی ہے یا فرعون و یزید کی دعا۔ قرآن کریم کا یہ ارشاد اسی طرف غمازی کرتا ہے:-

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا

وَمَالَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ۝ (شوریٰ: ۲۰)

ترجمہ: جو شخص ہم سے دنیا کے پھل پھول (حاجتیں) طلب کرتا ہے (اور آخرت کا کچھ خیال نہیں کرتا) ہم اسے دنیا سے دیتے ہیں لیکن آخرت میں اس کا کوئی حصہ باقی نہیں رہتا اور ایسا شخص بڑا بد نصیب ہے۔

Marfat.com

## (۴)

آداب دعا کا چوتھا ادب یہ ہے کہ منعم حقیقی سے مانگتا ہی رہے تھک کر یا مایوس ہو کر دعا ترک نہ کرے چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ فرماتے ہیں کہ حضور انور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

بندے کی دعا قبول ہوتی ہے مگر بندہ جب تک جلدی نہ کرے۔ عرض کیا، "یارسول اللہ ﷺ جلدی کرنے کے کیا معنی؟" فرمایا" جب بہت سی دفعہ دعا کر چکے اور قبولیت کا اثر نہ دیکھے تو کہے خدا میری دعا قبول نہیں فرماتا" (پھر میں کیوں دعا مانگوں؟ یہ خیال کر کے دعا کرنی چھوڑ دیتا ہے پس ایسے شخص کی دعا قبول نہیں ہوتی)۔

یہاں یہ ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ آپ مسلمان ہیں اور قرآن مجید پر آپ کا ایمان ہے تو یہ جان لیں کہ خدا کی ذاتِ عالی نہایت بے پرواہے۔ اس نے شیطان لعین کی دعا قبول فرمائی۔ جب شیطان حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کی بناء پر راندۂ درگاہ ہوا اور اسے آسمان سے نکل جانے کا حکم ہوا تو اس نے دعا کی کہ "الٰہی مجھے قیامت تک کی عمر عطا کر دے" :-

قَالَ اَنْظِرْنِیْ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ○ قَالَ اِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ ○ (الاعراف: ۱۴، ۱۵)

اے اللہ مجھے قیامت تک کی مہلت دیدے۔ ارشاد ہوا کہ اے شیطان تجھے قیامت تک کی مہلت دی۔

جب شیطان کی دعا قبول ہو سکتی ہے تو مسلمان کی دعا کیسے قبول نہیں

Marfat.com

ہو سکتی۔ کیا مسلمان شیطان سے بھی گیا گزرا ہے؟ (معاذ اللہ)

عرض کیا گیا کہ وہ منعم حقیقی تو فرعون کی بھی دعا قبول فرماتا ہے۔ چنانچہ ابتدا زمانہ میں جب فرعون تخت نشین ہوا تو ملک مصر میں قحط سالی ہوئی۔ بارش نہیں ہوئی، مصر کے لوگ فرعون کے پاس آئے کہ "اے فرعون کھیت خشک ہو گئے، جانور پیاسے مرنے لگے، دریائے نیل خشک ہو گیا، تو کیسا خدا ہے مینہ نہیں برساتا؟" کہا "اچھا ہم کل مینہ برسائیں گے"۔ دوسرے دن تاج سر پر رکھا، خلعت شاہانہ پہن کر گھوڑے پر سوار ہو کر ایک پہاڑ کے غار میں گیا، وہاں پہنچ کر سر سے تاج پھینکا، سر پر خاک ڈال کر عرض کیا کہ "اے خدا میں جانتا ہوں کہ مالک ملک تو تو ہی ہے، میں ایک نالائق بندہ ہوں مگر میں نے دنیا خرید لی ہے اور آخرت بیچ ڈالی ہے تو میری دنیا میں کمی نہ کر" بس یہ عرض کرتے ہی ابر آیا اور فرعون کے ساتھ ساتھ مینہ برساتا چلنے لگا۔ اہل مصر نے یہ معاملہ دیکھ کر فرعون کو سجدہ کیا اس کی خدائی کا پورا پورا اعتقاد جم گیا--- معاذ اللہ فرعون اور شیطان تو خدا سے ناامید نہ ہوئے، اپنی اپنی حاجتیں مانگیں اور انہیں خدا نے دیں تو تمہیں کیوں نہ دے گا؟ اتنا جان لینا چاہیے کہ دنیا ہی میں تمام حاجات کا پورا ہو جانا بڑے خطرے کی بات ہے۔ دعا کے پورا ہونے نہ ہونے کی حکمت تو اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے، ہمیں اس کی کچھ خبر نہیں۔ بندہ دعا کرتا رہے اور وہ قبول ہوتی رہے تو شاید بندگان خدا میں ہزاروں میں کوئی ایک آدمی ٹھیک نظر آئے اور اکثر گمراہ ہو جائیں۔

طہارۃ القلوب میں حضرت ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے فرمایا:-

Marfat.com

''جب کوئی مسلمان بندہ دعا کرتا ہے تو وہ دعا ضرور قبول ہو جاتی ہے بشرطیکہ کسی گناہ یا ناجائز بات کے لئے یا کسی بیگانہ مسلمان کی تکلیف دہی کے لئے دعا نہ کی ہو، لیکن اس کا اثر یا تو یہاں ظاہر ہو جاتا ہے یا دعا کا اثر دوسری صورت میں نظر آتا ہے کہ کوئی آسمانی یا دنیاوی بلا اور مصیبت اس بندے پر نازل ہونے والی تھی وہ اس کی دعا سے دفع ہو گئی اور اس بندے کو اس بلا کی خبر تک نہ ہوئی یا اس کی دعا کا اثر قیامت میں ظاہر ہو گا جو نہایت ضرورت کا وقت ہے اور وہاں ہر ایک مسلمان یہ تمنا کرے گا کہ کیا اچھا ہوتا کہ میری ایک بھی دعا دنیا میں قبول نہ ہوتی ساری کی ساری دعائیں آج ہی قبول ہوتیں''۔

صحیح حدیث میں آیا ہے کہ قیامت کے دن رب العالمین اپنے بندوں کو سامنے بلا کر فرمائے گا:

اے بندو! دنیا میں ہم نے تمہیں حکم دیا تھا کہ ''تم دعا کرو ہم قبول کریں گے'' کہیں گے، ''بیشک اے رب درست ہے'' ارشاد ہو گا کہ ''تم نے جو دعائیں دنیا میں مانگی تھیں وہ سب ہم نے قبول فرمائیں''---
''اے بندو! دیکھو تمہاری فلاں دن فلاں وقت کی دعا کا اثر دنیا میں ظاہر کر دیا تھا''---عرض کریں گے، ''ہاں بیشک!''---ارشاد ہو گا تمہاری فلاں فلاں دعا فلاں وقت ہم نے قبول فرمائی مگر اس کا اثر ہم نے بدل دیا۔ اس دعا کے بدلے تم پر جو مصیبت آنے والی تھی ہم نے فلاں دعا کے سبب وہ مصیبت دفع کر دی اور تمہیں اس کے صدمہ سے بچا لیا''---عرض کریں گے، بیشک یارب ایسا ہی ہوا تھا''--- پھر

Marfat.com

ارشاد ہو گا کہ ''اے بندو! تم نے فلاں دن فلاں وقت فلاں فلاں دعائیں مانگی تھی مگر ہم نے اس کا کوئی نتیجہ دنیا میں ظاہر نہیں کیا بلکہ آج کیلئے رکھ چھوڑا ہے، لو یہ تمہاری امانت موجود ہے''--- پھر جو کچھ ان کی دعاؤں کے ثمر ان کے سامنے آئیں گے تو سب کے سب یہی تمنا کریں گے کہ ''الٰہی کاش ہماری کسی دعا کا اثر دنیا میں ظاہر نہ ہوتا، ساری کی ساری دعائیں آج کے لئے جمع رہتیں تو کیا اچھا ہوتا''۔

اب خیال فرمایئے کہ رب تبارک و تعالیٰ کا دعا قبول نہ کرنا اور آخرت کے لئے اٹھا رکھنا، کمال شفقت کی دلیل نہیں تو اور کیا ہے؟ یہ ظاہر ہے کہ دنیا عالم فانی ہے۔ اس کی ہر شے فنا ہونے والی ہے۔ اس کے لئے جو نعمت عالم فانی میں عطا کی جائے گی اس کو بھی یقیناً فنا ہے تو امت محمدیہ علیہ التحیۃ والتسلیم پر باری تعالیٰ کا بڑا اکرم ہے کہ امت تو وہ ہر چیز طلب کر رہی ہے جس کو فنا حاصل ہے اور اس کے عوض باری تعالیٰ وہ نعمت عطا فرماتا ہے جو لازوال ہے اور جس کو کبھی فنا نہیں۔ یہ سب کچھ کیا ہے؟ یہ صدقہ ہے حضور اکرم ﷺ کا کہ ہم عاصیوں کو ان گنت نعمتوں سے نوازا گیا ہے۔

اس حقیقت کو اس مثال کے ذریعہ بھی سمجھا جا سکتا ہے۔ بندہ مومن بمنزلہ نابالغ بچے کے ہے اور رب العلمین بمنزلہ ولی اقرب کے اور مسلمانوں کی دعاؤں کا اثر بمنزلہ ایک ریاست کے ہے۔ اگر دنیا میں کسی نابالغ چھوٹے بچے کے حصے میں ایک بڑی ریاست آگئی تو کیا اس بچے کے اولیاء وہ ریاست و دولت اس نا سمجھ بچے کے حوالے کر دیں گے۔ ہرگز نہیں۔ بقدر ضرورت اس کو دیں گے باقی اس وقت تک محفوظ رکھیں گے جب وہ ریاست کے سنبھالنے کا اہل ہو جائے گا۔

Marfat.com

اسی طرح دعاؤں کے ثمرات رب العٰلمین اسی قدر عطا فرمائے گا جس قدر اس دنیا میں ضرورت ہوگی ، باقی اہلیت اور لیاقت کے بعد عطا کئے جائیں گے۔ اسی لئے حق جل مجدہ ارشاد فرماتا ہے :-

وَعَسٰى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ (البقرہ:۲۱۶)

یعنی اکثر ایسا ہوتا ہے کہ تم کسی شے کو پسند کرتے ہو (اور اس کے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہو) مگر وہ شے تمہارے حق میں سخت مضر ہوتی ہے جس کا تمہیں کچھ علم بھی نہیں ہوتا۔ ہاں اللہ تعالیٰ کو اس بات کی خبر ہے پس وہ جانے۔ (اللہ اپنے علم اور مصلحت کے موافق کام کرتا ہے تم بے خبر بے علموں کی خواہش کے مطابق نہیں کرتا)

## (۵)

آداب دعا میں پانچواں ادب یہ ہے کہ انسان اپنے اللہ سے پورے وثوق اور بھروسے کے ساتھ دعا کرے اور اپنی تدبیروں اور کوششوں میں معاونین مخلوق کی طرف متوجہ نہ ہو اللہ کے سوا دوسری چیزوں کو اپنی حاجت روائی کے لئے مؤثر نہ جانے۔ ایسی دو دلی کی حالت میں کبھی دعا قبول نہیں ہوتی۔ جب دعا کرو ایک دل ہوکر، یک سو ہوکر، قبولیت کا پورا یقین دل میں لاکر، ہر شے سے بے نیاز ہوکر دعا کرو اور یہ کچھ کمال کی بات نہیں۔ کیا آپ نے شیر خوار بچہ کو نہیں دیکھا، وہ کائنات سے بے نیاز ہوکر آغوش مادر میں لیٹا ہوا ہے۔ اس کی امیدیں اور آرزوئیں

Marfat.com

اس آغوش سے وابستہ ہیں وہ دنیا کی بڑی سے بڑی شے کو بھی خاطر میں نہیں لاتا اسکی ماں اس کو مارتی ہے مگر قربان جایئے اس کے وفا شعاری کے کہ ذرا بددل نہیں، اسی پر نثار ہوتا ہے۔ اس جاں نثاری کا صلہ اس کو یہ ملتا ہے کہ اس کی ماں پھر اس پر مہربان ہو جاتی ہے اور آغوش شفقت میں لپٹا لیتی ہے لیکن انسان کا حال یہ ہے کہ وہ نوجوان ہو کر بھی اس بچے سے کہیں گیا گزرا ہے اور مسلمان ہو کر مایوسی کا یہ عالم ہے کہ اپنے خدا سے اپنی آرزوئیں وابستہ نہیں رکھتا، در در ٹھوکریں کھاتا پھرتا ہے مصیبت کے وقت خدا کو بھول جاتا ہے۔ اغیار کی طرف متوجہ ہو کر اپنے اللہ کو چھوڑ دیتا ہے اور اگر اس مصیبت میں کبھی یاد بھی کرتا ہے تو بے دلی سے، یاد رکھو کہ ایسی دعا کبھی قبول نہیں ہوتی۔ وہ واحد و قہار بڑا غیور ہے :-

لاتسئلن بنی آدم حاجة
وسئل الذی ابوابه لاتحجب
الله یغضب ان ترکت سواله
وابن آدم حین یسئل یغضب .

ترجمہ : مانگو تو اس سے مانگو جس نے ہر وقت کرم اور جود و عطا کے دروزے کھول رکھے ہیں خدا اور بندوں میں یہ فرق ہے کہ اگر بندوں سے مانگوں تو ناراض ہوں گے، خدا سے جس قدر مانگو تو راضی (اور جو نہ مانگو تو ناراض ہوگا۔ دے کر خوش ہونے والا اور نہ دے کر ناراض ہونے والا وہی ہے۔)

○○○○○○

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی و نسلم علیٰ رسولہ الکریم

أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ (بقرہ:۱۸۶)
(پکارنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارے)

# خزينة الخيرات

(حصہ اول)

شیخ الاسلام مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ
شاہی امام مسجد جامع فتح پوری، دہلی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

الحمد للہ السمیع المجیب والصلوٰۃ علی حبیبہ الشفیع النجیب وعلی اٰلہ واصحابہ مع الحبیب اللبیب۔ اما بعد

مسلمان کچھ زمانے سے جن پریشانیوں میں گھرے ہوئے اور مصائب وبلیات میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ان کا علاج تو صرف یہ ہے کہ جن اعمال قبیحہ کی بدولت یہ آفات وبلیات پیش آرہے ہیں۔ ان کو ترک کریں اور اپنے مولائے کریم کے حضور صمیم قلب سے بدرجہ غایت تضرع وزاری وعاجزی وانکساری کے ساتھ استغفار اور دعا کریں کہ یہ نسخہ خود اسی کا بتلایا ہوا ہے۔ ممکن ہی نہیں کہ یہ خطا کر جائے اور تم بلاؤں میں پھنسے رہو چنانچہ وہ فرماتا ہے کہ "جب ہماری طرف سے ان پر سختی آئی تھی تو وہ گڑگڑاتے کیوں نہیں" بلکہ استغفار اور دعا کا ترک کرنا (اگرچہ چاروں طرف سے نعمتوں کی بارش ہی کیوں نہ ہو رہی ہو) خود ہی مسلمان کے لئے ایسا ہے کہ اس پر بلاؤں کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ چنانچہ حدیث قدسی میں ہے کہ جو مجھ سے دعا نہ کرے گا۔ اس پر غضب فرماؤں گا۔ اعاذنا اللہ تعالیٰ ۔ تو میرے عزیزو! غور کرو کہ کیا یہ مصائب یوں جائیں گے کہ

Marfat.com

بجائے اس کے کہ ان کے دور کرنے کی تدبیر کی جائے اور بھی زیادتی کے اسباب پیدا کیے جارہے ہیں۔ معاصی کے ارتکاب میں فرق تو ضرور پیدا کر دیا ہے۔ مگر یوں کہ بہ نسبت پہلے کہ کچھ زائد کر دیئے اور اس کریم کے حضور بجائے تضرع وزاری کے اس کے دشمنوں کے منہ پر اس کی شکائیتیں کی جانے لگیں۔

کسی پر اپنے سے اگر ظلم ہو گیا ہے تو بجائے اس کے اس سے معاف کرایا جائے اور ظلم کا اضافہ کر دیا افسوس ان باتوں سے یہ امراض دور ہوں گے یا اور ترقی پائیں گے۔

یہ صحیح ہے کہ اب پریشانیاں قابل برداشت نہیں ہیں۔ لیکن اس کا کیا علاج کہ خود ہی تو تم نے اس تعالیٰ سے طلب کی تھیں۔ وہ تو مجیب الدعوات ہے جو طلب کیا تھا وہ تمہیں دیا گیا۔ اب اسکی جناب میں شکایت کا کیا موقعہ اگر یہ چاہتے ہو کہ یہ مصائب دور ہوں تو اس کی بارگاہ میں اس کی طلب کرو۔ وہ تعالیٰ تمہیں اس میں کامیاب فرمائے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ یہ طلب رسمی طریق پر نہ ہو۔ وہ طریقہ اختیار کیجئے جو آپ کے ساتھ ایسا منگتا اختیار کرتا ہے جس کو سوائے آپ کے در کے کوئی در نہیں دکھلائی دیتا۔ کم از کم وہ ہیئت تو بنایئے جو آپ کی ایک جلیل القدر بادشاہ کے حضور ایسے وقت ہوتی ہے جبکہ بغاوت کے جرم میں آپ کو پیش کیا گیا ہو۔ اس بارگاہ کے آداب کا پوری طرح خیال رکھیں۔ اگر اس میں کچھ قصور ہوا جس سے دعا رد کر دی گئی تو شکایت کی گنجائش نہ ہو گی کہ خود اپنا ہی قصور ہے۔

پس چاہیے کہ اول گناہوں سے توبہ کی جائے اور کھانے پینے لباس وغیرہ میں حرام سے بچیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے حقوق میں اگر کچھ قصور ہو گیا ہے تو اس کی تلافی کریں۔ اب کسی قدر اول نماز یا صدقات وغیرہ

Marfat.com

اعمال صالحہ کرنے کے بعد دعا کے لئے کوئی بہتر وقت اور تنہا پاک جگہ تجویز کریں اور اس میں مسواک کے بعد ہر طرح کی نجاست سے پاک و صاف ہو کر قبلہ رو نہایت درجہ آداب کے ساتھ خیالات غیر کو دور کر کے پوری توجہ کے ساتھ نیچی نظر کئے ہوئے دوزانو بیٹھ جائیں۔ اور باوجود بیشمار گناہوں کے اس تعالیٰ کے جو انعامات ہوتے رہے ہیں ان کو یاد کرتے ہوئے شرمندگی اور جہاں تک ہو سکے عاجزی اور انکساری پیدا کریں اور اس کے مقابل مولیٰ تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر نظر رکھیں پھر اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر حمد و ثنائے الٰہی بجالانے کے بعد جس قدر ہو سکے استغفار پڑھیں۔ اور سید لا ستغفار پڑھیں تو زیادہ بہتر ہے۔ پھر جس قدر ہو سکے حضور اکرم ﷺ کی جناب میں درود شریف پیش کریں اور صلوۃ تنجینا پڑھیں تو زیادہ بہتر ہے اب دعا متضمن باسم اعظم پڑھنے کے بعد جو دعا چاہیں اس میں مشغول ہو جائیں اور عربی کی دعائیں ماثورہ پڑھیں تو زیادہ بہتر ہے اس کے ساتھ ہی محبوبان الٰہی خصوصا سرکار دو عالم ﷺ سے توسل کریں جو لفظ زبان سے نکالیں سمجھ کر نکالیں رونے میں کوشش کریں اگر آنسو نکل آئے اور بوجہ گریہ زبان بند ہو گئی تو یقین کے ساتھ سمجھ لیجئے کہ تمہاری دعا محل اجابت میں پہنچ گئی اب زبان سے عرض معروض کی ضرورت ہی نہیں رہی۔

اوپر اوقات اجابت کا ذکر آگیا ہے اس لئے مناسب ہے کہ وہ بھی بتلا دیئے جائیں پس وہ اوقات جن میں دعا کی قبولیت کی قوی امید ہے یہ ہیں :- شب قدر - شب برات - شب جمعہ - شب عیدین - نصف شب ، شب کا آخری تھائی حصہ - رمضان المبارک - روز عرفہ - ساعت جمعہ (جو اکثر کے نزدیک قبل غروب آفتاب ہے یا جب امام منبر پر بیٹھے اس وقت سے دعا ختم نماز کے درمیان تو

Marfat.com

دوسری صورت میں دل ہی کے اندر دعا کر سکتا ہے کہ زبان سے منع ہے)بوقت اذان و تکبیر اور ان دونوں کے درمیان پنجگانہ فرائض کے بعد -وقت ختم قرآن- بوقت افطار -وقت رقت- اور وہ مکانات جہاں دعا کی قبولیت کی زیادہ امید ہے۔ ان میں اکثر تو وہ ہیں جو حرمین شریفین میں ہیں جن کا ذکر باعث طوالت ہے -باقی یہ ہیں- خدا جل و علیٰ ور سول ﷺ کے ذکر کی مجلس- مجالس اولیاء علمائے اہل سنت - مساجد خصوصاً وہ جن میں اہل اللہ معتکف رہے ہوں -مزرات اہل اللہ کے قریب-وہ مقام جہاں ایک مرتبہ بھی کسی کی دعا قبول ہوئی ہو۔

ھدایت :-اگر دعا کے لئے مجلس مقرر کریں تو اس میں صلحاواطفال و مساکین کو ضرور شریک کریں کہ اس میں امید اجابت زیادہ ہے۔ کبھی کبھی نماز قضاء حاجت بھی پڑھ لیا کریں کہ یہ بھی قضائے حاجات میں نہایت اثر رکھتی ہے اس کی ترکیب اور وہ دوسری چیزیں جن کا اوپر ذکر آچکا ہے یہ ہیں :-

# حمد و ثناء

(۱) سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ لَا اُحصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ۔

ترجمہ : الٰہی تو پاک ہے تیری تعریف شمار نہیں کر سکتا تو ویسا ہی ہے جیسا تو نے اپنی ذات پاک کی تعریف کی ہے۔

(۲) سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَاءَ نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ

Marfat.com

ترجمہ : پاکی ہے اللہ تعالیٰ کے لئے اس کی مخلوق کے شمار کے موافق اور اس کی ذات کی رضا کے موافق اور اس کے عرش کے وزن کے موافق اور اس کے کلمات کی مقدار کے موافق۔

(۳) اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا تَقُوْلُ وَخَیْرًا مِمَّا نَقُوْلُ

ترجمہ : الٰہی تیرے ہی تعریف ہے۔ جیسا کہ تو نے اپنی تعریف فرمائی اور بہتر اس تعریف سے کہ ہم کرتے ہیں۔

# صلواة وسلام

## (۱) صلٰوۃ تنجینا :-

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَصُلَحَاءِ اُمَّتِہٖ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰ فَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْ فَعُنَا بِھَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

ترجمہ : الٰہی رحمت کاملہ نازل فرما ہمارے سرکار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

اور ان کی آل واصحاب اور ان کی امت کے صالحین پر وہ رحمت کہ جس کی وجہ سے تو ہمیں تمام ہولوں اور کل آفتوں سے نجات دیدے اور جس کے طفیل تو ہماری تمام حاجتیں بر لائے۔ اور جس کے سبب تو ہمیں تمام گناہوں سے پاک کر دے۔ اور جس کے صدقے میں تو اپنے نزدیک ہمیں درجات عالیہ میں بلندی عطا فرمائے۔ اور جس کے باعث ہمیں تمام بھلائیوں کی انتہا کو پہنچادے۔ زندگی میں بھی اور بعد موت بھی یقیناً تو ہر شے پر قادر ہے۔

(۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا هُوَاَهْلُهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَامُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ ط

ترجمہ : الٰہی ہمارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود بھیج جس کا تو نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ ہم ان پر وہ درود بھیجیں۔ اور اس کے وہ لائق ہیں۔ اور جس کو تو ان کے لئے پسند فرماتا ہے اور جس سے راضی ہے۔

# سیّد الاستغفار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَااسْتَطَعْتُ اَعُوْ ذُبِکَ مِنْ

Marfat.com

شَرِّمَاصَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّهٗ لَایَغْفِرُالذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: الٰہی تو میری پرورش فرمانے والا ہے سوائے تیرے کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا فرمایا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی طاقت کے موافق تیرے عہد اور تیرے وعدہ پر ہوں پناہ پکڑتا ہوں تیرے ساتھ اپنے افعال کی برائی سے اقرار کرتا ہوں تیری اس نعمت کا جو مجھ پر ہے اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہ کا تو مجھے معاف کر یقیناً گناہوں کو تیرے سوا کوئی معاف کرنیوالا نہیں۔

# دعا متضمن باسم اعظم

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَا الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۔اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ .لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَارَبَّ یَارَبَّ یَا رَبَّ یَا اَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّااَنْتَ الْاَحَدُالصَّمَدُالَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَ

Marfat.com

لَکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُلَآاِلٰہ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ
لَکَ یَا حَنَّانُ یَامَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ
یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا
